# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 05 March-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۰۵/مارچ ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مغربی ایشیاء میں بھارتیوں کی مدد کے لیے وزارت خارجہ کی جانب سے کنٹرول روم قائم

☆ مہاراشٹر کے باشندوں کو بحفاظت گھر واپس لایا جائے گا۔ وزیراعلیٰ کا تیقن۔

☆ قرض کی وصولی میں ریزرو بینک کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے اداروں یا قرض فراہم کرنیوالوں کے خلاف ریاستی حکومت کرے گی کاروائی۔

☆ بی جے پی نے راجیہ سبھا کے لیے کیا چار امیدواروں کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ T-20 عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج بھارت اور انگلینڈ کے درمیان سیمی فائنل۔ نیوزی لینڈ نے جنوبی افریقہ کو شکست دے کر فائنل میں بنائی جگہ۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزارت خارجہ نے مغربی ایشیاء میں بھارتی شہریوں کی مدد کے لیے ایک کنٹرول روم قائم کیا ہے۔ تقریباً ایک کروڑ بھارتی شہری مغربی ایشیاء میں رہتے ہیں۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ان کی حفاظت اولین ترجیح ہے۔ ایران میں بھارتی سفارت خانے نے امریکہ۔ ایران تنازعے کے دوران سیکڑوں بھارتی طلباء کو تہران سے محفوظ مقام پر پہنچا دیا ہے۔ بھارت نے خلیج میں تنازعات کے مذاکراتی حل کے اپنے مطالبے کا اعادہ کیا ہے۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ دیویندر فڈنویس نے یقین دلایا ہے کہ مہاراشٹر کے لوگ جو ان تنازعات سے متاثرہ علاقوں میں پھنسے ہوئے ہیں، انہیں بحفاظت اپنے وطن واپس لایا جائے گا۔ وہ کل قانون ساز کونسل میں اظہار خیال کرر ہے تھے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریاستی حکومت مختلف ذرائع سے ہر طرح کی مدد فراہم کر رہی ہے۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ نے اُن لائسنس یافتہ ساہوکاروں کے خلاف سخت کاروائی کا انتباہ دیا ہے جو ریزرو بینک کی جانب سے مقرر کردہ شرح سے زیادہ وصول کرتے ہیں اور قرضوں کی وصولی کے لیے طاقت کا استعمال کرتے ہیں۔ کل راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے ششی کانت شندے نے قانون ساز کونسل میں مسئلہ اُٹھایا تھا۔ وزیراعلیٰ نے متنبہ کیا ہے کہ ایسے ساہوکاروں کے لائسنس قواعد کے مطابق منسوخ کر دیئے جائیں گے۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ لاپتہ خواتین کی تلاش کے لیے ریاستی حکومت کی طرف سے تشکیل دی گئی خصوصی ٹیم کی وجہ سے گذشتہ سال لاپتہ خواتین کے معاملوں کی تعداد میں 10 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ دریں اثناء آپریشن مسکان کے دوران جو 20 رجنوری سے 20 رفروری کے دوران نافذ کیا گیا تھا۔ اس میں 454 لڑکے اور 947 لڑکیوں سمیت مجموعی طور پر ایک ہزار 401 بچے ڈھونڈنے کی اطلاع وزیر مملکت برائے داخلہ پنکج بھوئیر نے دی۔

***** ***** *****

مالی سال 27-2026 کا بجٹ وزیر اعلیٰ و مالیات و منصوبہ بندی کے وزیر دیویندر فڈنویس کل چھ مارچ کو قانون ساز اسمبلی میں پیش کریں گے۔ بجٹ کو عام آدمی کے لیے قابل فہم بنانے کے لیے وزیر اعلیٰ کی جانب سے لکھی گئی کتاب ''ارتھ سنکلپ سو پیہ بھاشیت'' جو آج ہی کے دن 2020 میں شائع کی گئی تھی وہ www.devendrafadnavis.in/budget_2020 اس ویب سائیٹ پر دستیاب ہے۔ اس کتاب میں وزیر اعلیٰ نے لفظ بجٹ کی اصل کے بارے میں ان پہلوؤں کی تفصیلی معلومات دی ہے جن کو بجٹ سے پہلے سمجھنا ضروری ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے 271 ایس ٹی ڈپو کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کی بنیاد پر تیار کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس کے تحت اچھی آمدنی والے ڈپو کے ساتھ تین ڈپو، دو دیہی یا تعلقہ سطح کے ڈپو کا پیکیج تیار کیا جائے گا۔ وزیر ٹرانسپورٹ پرتاپ سرنائیک نے کل قانون ساز کونسل کے وقفۂ سوالات کے دوران یہ اطلاع دی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے بس اسٹینڈس پر بیت الخلاء کی صفائی کے لیے ایک آزاد ٹھیکیدار کو مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس طرح شیو نیری بس خدمت کو بھی ریاست بھر میں پھیلایا جائے گا۔

***** ***** *****

ریاست میں فصل بوائی کے اندراج کے عمل میں نیٹ ورک یا سرور کے مسائل کی وجہ سے کسانوں کو درپیش مسائل کے حل کے طور پر آف لائین فوٹو رجسٹریشن کی سہولت دستیاب کرائی گئی ہے۔ اگر کسان کھیت میں اپنی فصلوں کی تصویر کھینچتے ہیں جب موبائیل نیٹ ورک دستیاب نہیں ہوتا ہے تو نیٹ ورک دستیاب ہونے کے بعد یہ خود بخود سسٹم پر اپلوڈ ہو جائے گا۔ یہ اطلاع وزیر محصول چندر شیکھر باون کڑے نے دی۔ وہ کل قانون ساز اسمبلی میں اظہار خیال کر رہے تھے۔

***** ***** *****

آئندہ راجیہ سبھا انتخابات کے لیے پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ آج ختم ہو رہی ہے۔ بی جے پی نے کل ریاست کی چار نشستوں کے لیے امیدواروں کا اعلان کیا۔ ان میں رام داس آٹھولے، ونود تاوڈے، مایا ایوناتے اور رام راؤ وڈکونے شامل ہیں۔ مہاوکاس آگھاڑی نے کل اپنی ایک نشست کے لیے سینئر قائد شرد پوار کے نام کی تصدیق کی۔ کانگریس کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکال اور رکن پارلمان سپریہ سلے نے کل ممبئی میں نامہ نگاروں کو یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی سطح کے کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد کے سلسلے میں کل نائب وزیر اعلیٰ اور کھیل و نوجوانوں کی بہبود کی وزیر سنیترا پوار کی صدارت میں کل ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔ اس طرح چھترپتی شیواجی مہاراج کپ والی بال مقابلہ امبرناتھ میں، کبدی مقابلہ ناگپور میں، آنجہانی کاشا باجادھو کپ کشتی مقابلہ بیڑ میں اور بھائی نیرورکر کھو کھو مقابلے بارامتی میں منعقد ہونگے۔ نائب وزیر اعلیٰ نے یقین ظاہر کیا ہے کہ یہ ٹورنامنٹ ریاست کی بھر پور کھیلوں کی روایت کو مزید مضبوط کریں گے اور قومی اور بین الاقوامی معیار کے کھلاڑی پیدا کریں گے۔

***** ***** *****

T-20 کرکٹ عالمی کپ کا دوسرا سیمی فائنل مقابلہ آج بھارت اور انگلینڈ کے مابین کھیلا جائے گا۔ یہ مقابلہ ممبئی کے وانکھیڈے اسٹیڈیم میں شام سات بجے شروع ہوگا۔ ادھر نیوزی لینڈ نے کل کھیلے گئے پہلے سیمی فائنل مقابلے میں جنوبی افریقہ کو شکست دے کر فائنل میں جگہ بنالی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو کے سرپرست وزیر پرتاپ سرنائیک نے واضح ہدایات دی ہیں کہ تلجہ بھوانی دیوی مندر کے مقام کی ترقی اگلے سو برسوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جانی چاہیئے۔ وہ کل اس حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔

***** ***** *****

ضلع انتظامیہ نے بتایا کہ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں ایندھن کا کافی ذخیرہ موجود ہے۔ خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث بعض مقامات پر ایندھن کی قلت کی افواہیں پھیل رہی ہیں۔ انتظامیہ اور ایندھن فراہمی تنظیم نے شہریوں سے افواہوں پر یقین نہ کرنے کی اپیل کی ہے۔ بیڑ ضلع سپلائی افسر شیوکمار سوامی نے شہریوں سے افواہوں پر یقین نہ کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ بیڑ ضلع میں ایندھن کی کوئی کمی نہیں ہے۔ انہوں نے غلط معلومات پھیلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کا بھی انتباہ دیا ہے۔

***** ***** *****

کانگریس کے قانون ساز اسمبلی قائد وجئے وڈیٹیوار نے چھترپتی سمبھاجی نگر کے بودھ غاروں کے علاقوں میں معدنیات کی اسمگلنگ کا معاملہ اٹھایا ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ اس سلسلے میں شہریوں کی جانب سے انتظامیہ کو متعدد بار شکایات کرنے کے باوجود ابھی تک کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ وڈیٹی وار نے اس کھدائی کو روکنے کے لیے کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کے کلمنوری تعلقے کے داتی کے بزرگ مجاہد آزادی مانوت راؤ لکشمن راؤ سوریہ ونشی مانکری کا 99 برس کی عمر میں کل طویل العمری کے باعث انتقال ہوگیا۔ ہنگولی پولس دستے کی جانب سے سلامی دے کر ان کی آخری رسومات ادا کی گئی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے لیے 16/اراکین کے انتخاب کے لیے آج ایک خصوصی میٹنگ بلائی گئی ہے۔ اس اجلاس میں گروپ لیڈران کو اسٹینڈنگ کمیٹی کے لیے اراکین کے نام پیش کرنے ہونگے۔

جالنہ میونسپل کارپوریشن میں چھ منظور شدہ ممبران کے نام موصول ہوئے ہیں جن میں سے چار ممبران اہل اور دو ممبران نااہل پائے گئے۔ اہل اراکین میں کانگریس اور شیوسینا سے ایک ایک اور بی جے پی سے دو شامل ہیں۔ دونوں نااہل اراکین بی جے پی کے ہیں۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کے سین گاؤں تعلقے میں ایک مال بردار گاڑی کے ندی میں گرنے سے ایک شخص کی موت ہوگئی۔ گاڑی منگل کی رات یلدری ڈیم کے قریب ایک انتہائی تنگ اور خطرناک پل پر سے گرگئی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع انتظامیہ کہ جانب سے آئندہ آٹھ مارچ تا پندرہ مارچ چھترپتی شیواجی مہاراج مہاراجسوا اختتامی کیمپ مہم دو مرحلوں میں روبہ عمل لائی جائیگی۔ اس مہم کا مقصد عوام، کسان اور طلباء کے محکمۂ محصول سے متعلق روزمرہ کے مسائل کو ایک ہی مقام پر حل کرنا ہے۔ بیڑ ضلع کے کلکٹر وویک جانسن نے

شہریوں سے اس کا فائدہ اٹھانے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

انسدادِ رشوت ستانی دستے نے تلجہ پور پولس اسٹیشن کے اسسٹنٹ پولس انسپیکٹر آر دواڑ کو پانچ ہزار روپیئے رشوت لیتے ہوئے گرفتار کیا ہے۔ اس نے یہ رشوت ایک درج مقدمے میں الزامات میں اضافہ نہ کرنے کے لیے طلب کی تھی۔

***** ***** *****

ریاست میں درجۂ حرارت بڑھ رہا ہے۔ کئی شہروں میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 35 اور 39 ڈگری سیلسئس کے درمیان درج کیا جا رہا ہے۔ کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 37 ڈگری سیلیس درج کیا گیا۔ پالگھر، تھانے، رائے گڈھ اضلاع کے لیے آج یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مغربی ایشیاء میں بھارتیوں کی مدد کے لیے وزارت خارجہ کی جانب سے کنٹرول روم قائم

☆ مہاراشٹر کے باشندوں کو بحفاظت گھر واپس لایا جائے گا۔ وزیرِ اعلیٰ کا تیقن۔

☆ قرض کی وصولی میں ریزرو بینک کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے اداروں یا قرض فراہم کرنیوالوں کے خلاف ریاستی حکومت کرے گی کارروائی۔

☆ بی جے پی نے راجیہ سبھا کے لیے کیا چار امیدواروں کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ T-20 عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج بھارت اور انگلینڈ کے درمیان سیمی فائنل۔ نیوزی لینڈ نے جنوبی افریقہ کو شکست دے کر فائنل میں بنائی جگہ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****